Securities and Exchange Commission of Pakistan

Press Release

July 9, 2019

For immediate release

ایس ای سی پی کی کمپنیوں سے سونے اور قیمتی پراپرٹی کی ریکوری کے لئے کریک ڈاون کی رپورٹوں کی تردید

اسلام آباد(9 جولائی) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کارپوریٹ سیکٹر اور کیپیٹل مارکیٹ کی بہتری اور ترقی کے لئے تمام ضروری اقداما ت کر رہا ہے۔ ایس ای سی پی میڈیا میں شائع کی جانے والی ان خبروں کی سختی سے تردید کرتا ہے کہ ادارہ کمپنیوں کے خلاف سونے یا قیمتی جائیداد کی ضبطی کے لئے کسی بھی قسم کی کارروائی کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ اس قسم کی کوئی کارروائی بھی کمیشن میں زیر غور نہیں ہے۔

ایس ای سی پی کی طرف سے واضح کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 یا بے نامی ٹرانزیکشن ایکٹ 2017 کو ریگولیٹ یا نافذ کرنے کا ذمہ دار ادارہ نہیں ہے۔ ایس ای سی پی کے اختیارات صرف ایس ای سی پی ایکٹ 1997 اور اس ایکٹ کے شیڈول میں دیئے گئے دیگر قوانین پر عمل درآمد کروانا ہے۔ حال ہی نافذ کئے گئے ایس ای سی پی سرچ اینڈ سیزر رولز 2019، ایس ای سی پی ایکٹ کی دفعہ 31 کے تحت جاری کئے گئے ہیں۔ ان رولز میں تفتیش کرنے والے افسروں کو دیئے گئے اختیارات کو استعمال کرنے کے لئے سخت طریقہ کار اور شرائط طے کی گئیں ہیں۔ ان اختیارات کو استعمال کرنے کی منظوری صرف اور صرف کمیشن کی جانب سے صرف ایس ای سی پی کے ذمہ قوانین کے نفاذ کے معاملے میں دی جاسکتی ہے۔ میڈیا میں شائع ہونے والی خبروں کی واضح تردید کی جاتی ہے کہ ایس ای سی پی کو کسی قسم کے نئے اختیارات تفویض نہیں کئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ سرچ اور سیزر اور زبردستی داخل ہونے کا اختیار، ایس ای سی پی کے قیام سے ہی اس کے قانون کا حصہ رہا ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے حال ہی میں جاری کئے گئے سرچ اینڈ سیزر رولز کا مقصد صرف اور صرف ان اختیارات کے ممکنہ غلط استعمال کو روکنا اور ان کو ایک متعین طریقہ کار کا پابند بنانا ہے۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk

یہ رولز انویسٹی گیشن افسران کو پابند کرتے ہیں کہ کسی بھی قسم کی تلاشی یا زبردستی داخلے کے لئے پہلے کمیشن سے تحریری منظوری حاصل کی جائے۔

ایس ای سی پی کا کمیشن وفاق حکومت کے تعینات کردی پانچ کمشنروں پر مشتمل ہے۔ بعض صورتوں میں تو متعلقہ مجسٹریٹ کی اجازت حاصل کرنا بھی لازمی ہے۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk